© rasailojaraid.com



## ماہ نامہ پیام سری نگر، سماجی برائیاں نمبر (جنوری-فروری ۲۰۰۸ء)

پتا: باراں پتھر، بٹہ مالو، سری نگر- ۱۹۰۰۰۹، صفحات: ۱۸۴، قیمت درج نہیں۔

کشمیر جنت نظیر یوں تو دو دہائیوں سے زیادہ عرصہ سے خوں چکاں ہے، لیکن ماضی قریب میں وہاں رونما ہونے والے جنسی اسکینڈل نے ملت کے ہر فرد کو شرم سار اور مضطرب کر دیا۔ ایک طرف ملت کے جیالے نوجوان ظلم و جبر، عیاری و مکّاری اور سادہ لوحی و ناعاقبت اندیشی کی بھینٹ چڑھ رہے ہیں تو دوسری طرف حوّا کی بیٹیوں کی عصمت نیلام ہو رہی ہے اور اس میں سماج کے مختلف طبقات ملوّث ہیں۔ یہ صورت حال انتہائی تشویش ناک اور اضطراب انگیز ہے۔ زیر نظر خصوصی شمارہ اسی تشویش اور اضطراب کا اظہار ہے۔

اسلامی جمعیت طلبہ کشمیر کے دین پسند، تعلیم یافتہ اور صالح طلبہ اور نوجوانوں کی ایک سرگرم تنظیم ہے جو طلبہ اور نوجوانوں کو اخلاقی بے راہ روی، جنسی آوارگی اور مادہ پرستانہ نظام تعلیم کے مضر اثرات کے بچانے اور ایک مکمل اور ہمہ گیر صالح نظام زندگی کے قیام کے لیے سرگرم عمل ہے۔ ماہ نامہ 'پیام' اس کا ترجمان ہے۔ اس کا خصوصی شمارہ مذکورہ اسکینڈل کے پس منظر میں شائع کیا گیا ہے۔ اس کے تمام مضامین اسی کے ارد گرد گردش کرتے ہیں۔ ان میں عموماً سماجی برائیوں اور خصوصاً جسم فروشی کے اسباب و محرکات کا تجزیہ کیا گیا ہے، اس میں ملوّث طبقات کی نشان دہی اور ان کی سرزنش کی گئی ہے، ملّت کی غیرت وحمیّت کو جھنجھوڑا گیا ہے، صنف نازک کی عفّت وعصمت کی قدر و قیمت واضح کی گئی ہے اور اس سماجی برائی کے ازالہ کی تدابیر اور علاج کی نشان دہی کی گئی ہے۔ جموں وکشمیر کی بعض دینی وملی جماعتوں، تنظیموں اور اداروں کے سربراہان اور سربر آوردہ شخصیات کے انٹرویوز اور پیغامات بھی شامل کیے گئے ہیں۔

اس خصوصی شمارہ کی اشاعت جمعیت کا بروقت، اہم اور قابل قدر اقدام ہے۔ امید ہے، اسے زیادہ سے زیادہ عام کیا جائے گا اور اس کے ذریعے بے راہ روی اور آوارگی کی رَو پر بند لگانے کی کوشش کی جائے گی۔ (ر-ن)



© rasailojaraid.com